DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 22.05.2025

| نمبرشار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | بھارتی سرپرستی خودکش حملہ پانچ شہید، خضدار میں آرمی پبلک سکول بس نشانہ تین بچے شامل 53 زخمی دہشتگردوں کو انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | معصوم بچوں کونشانہ بنانے والے رعایت کے مستحق نہیں، گورنر صوبائی وزراء | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | معصوم شہداء کے مقدس خون کی قسم دہشتگرد کو چن چن کر ماریں گے، سرفراز بگٹی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | مریم نواز کا سرفراز بگٹی سے رابطہ سکول وین حملے پر اظہار دکھ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | پٹ فیڈر کینال میں بھل صفائی سے پانی کے بہاؤ میں بہتری آئے گی، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | فیلڈ مارشل کا اعزاز جنرل عاصم منیر کی عسکری بصیرت کا اعتراف، شعیب نوشیروانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | قوم فوج کیساتھ دہشتگردی کا ناسور جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، علی حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | جنرل عاصم منیر کی موجودگی میں ملک کا مستقبل محفوظ ہے، کوہیار ڈومکی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | جنرل عاصم کا فیلڈ مارشل بننا انکی پیشہ ورانہ مہارت کا اعتراف، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ڈیجیٹل تبدیلی صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ سے عید اسپشل ٹرین تین جون کو روانہ ہوگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا پرو وائس چانسلر یوٹیمز کی غیر حاضری پر اظہار برہمی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر یوٹیلٹی اسٹور کے افسروں کو قید و جرمانہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | نوجوانوں کی شرکت سے جمہوری نظام مزید مستحکم ہوگا، صوبائی الیکشن کمشنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | تمام تر چیلنجز کے باوجود پولیو وائرس کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، سیکرٹری صحت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | حکومت لیویز کو پولیس میں تبدیل کرنے کا اختیار حاصل نہیں رکھتی، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل کی جائے گی، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر خودکش حملہ چار طالبات دو دوجوان شہید 39 بچوں سمیت 53 افراد زخمی، کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں سمیت پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا، زہری بلیوزی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان قتل،

## عوامی مسائل:

کوئٹہ چمن شاہراہ جبل نور کے مقام تباہ حالی کا شکار دھول مٹی سے شہری پریشان، کلی ہنگلوئی وملحقہ علاقوں کے چار ٹیوب ویلز خراب لاکھوں کی آبادی پانی سے محروم، چاغی کے گرین بیلٹ لشکرآپ اور گردونواح کے علاقے بجلی سے محروم، محمد تاوہ میں زیرالتواء سڑک کے پلوں کی غیر معیاری کام کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 22.05.2025

## اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے متعدد انقلابی اقدامات کا فیصلہ!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارلحکومت کوئٹہ جو بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے اس میں ٹریفک کا مسئلہ دن بدن سنگین صورت اختیار کرتا جارہا ہے کیونکہ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ٹریفک میں اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث شہر کی اکثر سڑکوں پر آئے روز بدترین ٹریفک جام رہتی ہے جس کے باعث بچوں سکولوں کو اور سرکاری ملازموں اپنے دفاتر بروقت نہیں پہنچنے میں تاخیر ہوتی ہے اس طرح یہ مسئلہ عوام کے لئے ایک بہت بڑا دردسر بنا ہوا ہے اس مسلے کو حل کرنے کیضرورت ہے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی دارلحکومت کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے متعدد اقدام سمیت دیگر اہم فیصلے کئے گئے اس موقع پر وزیراعلیٰ نے مرکزی شہر کو ڈاؤن ٹاؤن قرار دینے کی منظوری دی جہاں رکشوں کی جگہ محدود تعداد میں جدید اور ماڈل دوست الیکٹرک کاریں متعارف کرائی جائیں گی ان میں خواتین کیلئے خصوصی پنک کاریں بھی شامل ہوں گی وزیراعلیٰ نے اجلاس میں وال چاکنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں اور اشتہاری کمپنیوں کو قانونی نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی انہوں نے ہدایت کی کہ غیر فعال سرکاری سکولوں کو بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت فعال بنایا جائے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ " **دہشت گردی کا ناسور اتحاد ویکجہتی کی ضرورت!!!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ " **بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ " **دہشت گردی اور اسمگلنگ کا خاتمہ ضروری** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ " **بھارتی خباثت بے نقاب ،طارق خان ترین** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین:

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **کیا بلوچستان میں علیحدگی پسند تنظیموں کا ترکی کے سامنے ہتھیار ڈالنے والی آزاد کردریاست کی حامی تنظیم سے موازنہ کیاجاسکتا ہے ؟** " کے عنوان سے ملک سارہ عتیق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2025 Page No.

### بچوں پر حملہ انسانیت سوز جرم، صدر مملکت، بھارت نے بزدلانہ حملہ اپنی پراکسی تنظیموں سے کروایا، ISPR، امریکا، چین، اقوام متحدہ کا اظہار مذمت

# بھارتی سرپرستی، خودکش حملہ 5 شہید

## خضدار، آرمی پبلک اسکول بس نشانہ
## 3 بچے شامل، 53 زخمی، دہشتگردوں
## کو انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعظم

### شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ہنگامی دورہ کوئٹہ، زخمیوں کی عیادت، ایوان صدر کی تقریب موخر، قومی اسمبلی میں بھارت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

### دھماکے میں گاڑی مکمل تباہ، قریبی دکان اور ٹرک کو بھی نقصان، 30 کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا، ذرائع، زخمیوں میں 39 بچے شامل، 8 کی حالت نازک

خضدار/اسلام آباد (نمائندہ جنگ / ایجنسیاں) بلوچستان کے ضلع خضدار میں آرمی اسکول کی بس پر خودکش حملہ، گاڑی مکمل تباہ، قریبی دکان اور ٹرک کو بھی نقصان، 3 طالبات سمیت 5 افراد شہید، 39 بچوں سمیت 53 زخمی، 8 کی حالت نازک، اموات میں اضافے کا خدشہ، امریکہ، چین اور اقوام متحدہ کا اظہار مذمت، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کا کوئٹہ کا ہنگامی دورہ، زخمیوں کی عیادت، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے اعزاز میں ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب موخر، قومی اسمبلی میں انڈیا کے خلاف مذمتی قرارداد منظور، صدر مملکت آصف علی زرداری نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول جانے والے معصوم بچوں پر حملہ انسانیت سوز اور گھناؤنا جرم ہے، شہباز شریف نے بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کو انجام تک پہنچا کر دم لیں گے، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ہندوستان کے دہشتگرد نیٹ ورک نے بلوچستان میں اپنی پراکسی تنظیموں کے ذریعے یہ بزدلانہ حملہ کروایا ہے، سرکاری ذرائع کے مطابق واقعہ میں 30 کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس کو بم کا نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں آرمی پبلک اسکول خضدار کے تین بچوں سمیت 5 افراد شہید اور 53 زخمی ہو گئے، دھماکا اتنا شدید تھا کہ گاڑی مکمل طور پر تباہ ہو گئی، قریب واقع ایک دکان اور ایک ٹرک کو بھی نقصان پہنچا، زخمیوں کو پہلے سی ایم ایچ خضدار اور بعد ازاں شدید زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، معصوم بچوں کی شہادت پر علاقے میں سوگ کا سماں رہا، بدھ کی صبح آرمی پبلک اسکول خضدار کی بس پر اس وقت بم کا دھماکا ہوا جب گاڑی زیرو پوائنٹ کے قریب پہنچی، سرکاری ذرائع دھماکے کو خودکش قرار دے رہے ہیں اور بتایا جاتا ہے کہ دھماکے میں تیس کلو سے زائد بارود استعمال کیا گیا، ڈپٹی کمشنر خضدار کے مطابق بس پر خودکش حملہ کیا گیا، ایک عینی شاہد کے مطابق دھماکا اتنا زوردار تھا کہ بس سڑک کے کنارے سے دور جا گری اور آگ لگ گئی، سیکورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں نے بروقت پہنچ کر بچوں کو باہر نکالا۔ جائے وقوع پر موجود ایک پولیس اہلکار نے برطانوی خبر رساں ادارے کو بتایا کہ جس مقام پر دھماکہ ہوا وہ خضدار شہر سے تقریباً 10 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ایک چھوٹی گاڑی نے اسکول بس کو ہٹ کیا جس سے بس مکمل تباہ ہو گئی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق دھماکے میں اے پی ایس میں زیر تعلیم چار بچے [illegible] اور ایک [illegible] جاں بحق ہوئے، زخمیوں میں اسکول کے 39 بچے اور [illegible] شامل ہیں، شدید زخمی 14 بچوں کو [illegible] منتقل کر دیا گیا، دھماکا اتنا شدید تھا کہ اس کی آواز دور دور تک سنی گئی۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خضدار میں اسکول بس پر حملے میں 3 بچوں سمیت 5 افراد شہید اور متعدد بچے زخمی ہوئے، یہ بزدلانہ حملہ بھارت کے دہشت گرد نیٹ ورک نے اپنی پراکسی تنظیموں سے کروایا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز پوری قوم کی حمایت کے ساتھ بھارت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کریں گی، اس بزدلانہ حملے کے منصوبہ ساز، سہولت کار اور حملہ آوروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، بھارتی ریاستی دہشت گردی کا یہ مکروہ چہرہ عالمی برادری کے سامنے بے نقاب کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت آپریشن بنیان مرصوص میں عبرتناک شکست کے بعد بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشت پھیلانے کے لیے اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کا اسکول بس میں معصوم بچوں پر حملہ ان کی بلوچستان میں تعلیم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشت گردوں نے اسکول بس پر حملہ کر کے درندگی کی تمام حدیں پار کر لیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No

Dated: 22 MAY 2025 Page No.


## خضدار اسکول بس پر حملہ بھارتی کارستانی — معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے رعایت کے مستحق نہیں، گورنر، صوبائی وزراء

دہشتگردوں کا کسی مذہب اور قوم سے تعلق نہیں، سرفراز بگٹی، میر سلیم کھوسہ، حاجی علی مدد جتک، نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، سیاسی رہنماؤں کی مذمت

کوئٹہ (خبر ایجنسیاں) گورنر بلوچستان، اسپیکر، سینیٹ و قومی اسمبلی، صوبائی وزراء، سیاسی جماعتوں کے سربراہان، رہنماؤں اور قبائلی عمائدین نے خضدار میں اسکول وین پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، بھارت اپنے ایجنٹوں کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پھیلا کر جنگ میں اپنی شکست کو فراموش کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے سینیٹر نصیب اللہ بازئی ملاقات کر رہے ہیں

## صاف پانی کی دستیابی اور اس تک رسائی ممکن بنانا ضروری ہے، گورنر

بلوچستان میں عالمی اداروں کے تعاون اور شراکت داری کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کی بلوچستان میں عوام کی زندگیوں کو بدلنے کے حوالے سے ...



کوئٹہ: گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOC[HISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 جمعرات 24 ذیقعد 1446ھ 22 مئی 2025ء نمبر 140

# معصوم شہداء کے مقدس خون کی قسم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے، سرفراز بگٹی

ایسی بلوچیت پر لعنت بھیجتے ہیں جو بچوں پر حملہ کرتی ہے، خفیہ اطلاع پہلے سے موجود تھی کہ اجیت دیول نامی بھارتی ایجنٹ حملے کی تیاری کر رہا ہے

## بھارت تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ہے، انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کیساتھ اب ریاست سخت رویہ اپنائے گی، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ معصوم شہداء کے مقدس خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں ہم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے ماں باپ لے جن بچوں کو اسکول روانہ کیا دہشت گرد ان [illegible] ایسی بلوچیت پر لعنت بھیجتے ہیں جو بچوں پر حملہ کرتے ہیں۔ دہشت گردی کی خفیہ اطلاع پہلے سے موجود تھی ہمیں معلوم تھا کہ "اجیت دیول" نامی بھارتی ایجنٹ بلوچستان میں حملے کی تیاری کر رہا تھا تاہم یہ اندازہ نہیں تھا کہ نشانہ اسکول کے بچے بنیں گے بھارت تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ہے انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں ریاست نے ماں ہونے کا ثبوت دیا اب ریاست سخت رویہ اپنائے گی موسیٰ خیل، جعفر ایکسپریس، نوشکی، خضدار، تربت سمیت دیگر دہشتگردی کے واقعات میں ملوث دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا، افغانستان کی سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے افغان حکومت وعدے کی پاسداری کرے۔ ان خیالات کا اظہار بدھ کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء راحیلہ حمید خان درانی، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت لہڑی، نوابزادہ فیصل خان جمالی اور ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ خضدار میں سکول کے بچوں کو بزدل دہشت گردوں نے نشانہ بنایا 4 بچے شہید ہوئے شدید زخمی بچوں کو کوئٹہ منتقل کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ قوم اب دہشتگردی کے خلاف ریاست کے ساتھ کھڑی ہے اس لئے دشمن کو عبرتناک شکست کے بعد اب وہ بلوچستان میں کارروائیاں کررہے ہیں بلوچستان میں تخریب کاری کی اطلاعات تھیں مگر بے گناہ بچوں سے شکست کو بدلہ لینے کی توقع نہ تھی بزدل دہشتگرد بی ایل اے، بی ایل ایف اور دیگر دہشتگرد بچوں کو خون لے جہلا رہے ہیں بچوں کے خون کا بدلہ دہشتگردوں سے ہر صورت میں لیںگے، بچوں کے مقدس خون کی قسم ریاست خاموش نہیں رہے گی انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں افغانستان کی سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے افغانستان کی حکومت دنیا کے سامنے کئے گئے وعدے کی پاسداری کرے۔ انہوں نے کہا کہ بے انسانی، قبائلی اور عالمی طور پر کسی بھی جنگ میں مبرا ہوتے ہیں دشمن اس جنگ کو انتہائی بزدلی، بے دردی سے لڑ رہا ہے قوم کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ یا تو وہ معصوم بچوں کے قاتلوں کے ساتھ کھڑے ہوسکتے یا پھر ان قاتلوں کا قلع قمع کرنے والی ریاست کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس معلومات تھیں کہ 9 اور 10 مئی شکست کو چھپانے کے لئے بھارت اجیت دول کے ذریعے بلوچستان میں دہشتگرد حملوں کی منصوبہ بندی کررہا ہے لیکن ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ بچوں کو نشانہ بنائے گا اجیت دول کی سوچ اس قدر گر چکی ہے کہ وہ اب



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی خضدار میں بس پر حملے کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر خضدار دھماکے میں زخمی بچی کی عیادت کر رہے ہیں

# تعلیم شعور و آگاہی اور ترقی کی جانب لے جاتی ہے، وزیر اعلیٰ

## ہر فرد، معاشرے اور قوم کو تعلیم کی اہمیت کو سمجھنا چاہئے، سرفراز بگٹی کا پرائمری سکول برشور کا دورہ

پشین (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تعلیم انسان کی زندگی میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ صرف علم حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک ایسا راستہ ہے جو انسان کو شعور، آگاہی، اخلاق اور ترقی کی جانب لے جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کے ہمراہ گورنمنٹ پرائمری اسکول برشور کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے سکول میں تدریسی عمل اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا، اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سکول اساتذہ کے لیے بس اور طالب علموں کے لیے کمپیوٹر فراہم کی جائے گی، اس موقع پر کمشنر اور ڈپٹی کمشنر پشین کو ہدایت کی کہ ایک ہفتے میں اسکول کو فرنیچر فراہم کیا جائے اور سکول کے تمام مسائل دس روز میں حل کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ فرنیچر، ٹرانسپورٹ اور دیگر سہولیات اسکول کی ترقی کے لیے ضروری ہیں، سکول کیلئے سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم انسان کو اچھے اور برے میں فرق کرنا سکھاتی ہے اور ایک مہذب معاشرہ تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ایک فرد کی ترقی، ایک قوم کی ترقی کا باعث بنتی ہے، اور یہ ترقی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں۔ تعلیم سے ہی سائنس، ٹیکنالوجی، ادب، فن اور معاشرتی ترقی کی راہیں ہموار ہوتی ہیں لہٰذا ہر فرد، ہر معاشرے اور ہر قوم کو تعلیم کی اہمیت کو سمجھنا چاہیے اور اسے عام کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، تاکہ ہم ایک روشن، بااخلاق اور ترقی یافتہ دنیا کی طرف بڑھ سکیں۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 63 | جمعرات 24 جمادی الاول 1446ھ 22 مئی 2026ء 08 | شمارہ 324

رجسٹرڈ BC-m-11 | Email: mashriqquetta7004@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# سانحہ خضدار میں بھارت ملوث، معصوم شہداء کے مقدس خون کی قسم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے، وزیراعلیٰ

تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ایک ہے بھارت سے فنڈ لینے والے ہی واقعے میں ملوث ہیں حکومت کے لیے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں لیکن ریاست نے ہمیشہ ماں ہونے کا ثبوت دیا

بچوں سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں افغان سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے افغانستان کی حکومت دنیا کے سامنے کئے گئے وعدوں کی پاسداری کرے، میر سرفراز بگٹی

بی ایل اے، بی ایل ایف اور دیگر دہشتگرد بچوں کو خون سے نہلا رہے ہیں، اب خاموش تماشائی بنے کا وقت گزر چکا، اب ہم سے کوئی گلہ نہ کرے ہم اس کا جواب دہشتگردوں کو جہنم واصل کر کے دیں گے

جو اپنے آپ کو بلوچ کہلاتے ہیں اور بچوں کو نشانہ بناتے ہیں ان کا بلوچ روایات سے دور دور کا بھی تعلق نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صوبائی وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بے گناہ بچوں کے خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ دہشتگردوں کو معاف نہیں کریں گے تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ایک ہے بھارت سے فنڈ لینے والے ہی واقعے میں ملوث ہیں حکومت کے لئے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں لیکن ریاست نے ہمیشہ ماں ہونے کا ثبوت دیا ہے جس کا ناجائز فائدہ اٹھایا گیا اب ایسے لوگوں کو کوئی رعایت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وہ کوئٹہ وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء، راحیلہ حمید خان درانی، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت لہڑی، نوابزادہ فیصل خان جمالی اور ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکول کے بچوں کو بزدل دہشت گردوں نے نشانہ بنایا 4 بچے شہید ہوئے شدید زخمی بچوں کو کراچی منتقل کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ قوم اب دہشتگردی کے خلاف ریاست ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



وزیراعظم شہباز شریف کو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ خضدار کی تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

کے ساتھ کھڑی ہے اس لئے دشمن کو عبرتناک شکست کے بعد اب وہ بلوچستان میں کارروائیاں کر رہے ہیں بلوچستان میں تخریب کاری کی اطلاعات تھیں مگر بے گناہ بچوں سے شکست کا بدلہ لینے کی توقع نہیں تھی بزدل دہشتگرد بی ایل اے، بی ایل ایف اور دیگر دہشتگرد بچوں کو خون سے نہلا رہے ہیں بچوں کے خون کا بدلہ دہشتگردوں سے ہر صورت میں لیں گے پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ کسی بلوچ نے نوابی کو نہیں دہشتگردوں نے پاکستانیوں کو شہید کیا تھا بچوں کے مقدس خون کی قسم، ریاست خاموش نہیں رہے گی انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں افغانستان کی سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے افغانستان کی حکومت دنیا کے سامنے کئے گئے وعدے کی پاسداری کرے فورسز ناکام نہیں ہوئیں پوری کامیابی کے ساتھ کارروائیاں کر رہی ہیں تشدد کی جنگ کوئی حقوق کی جنگ نہیں ہے ریاست دہشتگردوں کو چن چن کر مارنے کی صلاحیت رکھتی ہے تحمل پر پروپیگنڈا کرنے والوں کے خلاف بھی ریاست نے ماں ہونے کا ثبوت دیا اب ریاست سخت رویہ اپنانے کی نرمی نہیں دکھائے گی اور ہارڈ اسٹیٹ کا مقصد بھی ملک دشمن اور دہشت گردوں کے ریاست قانونی کارروائی کرتے ہوئے اقدامات اٹھانے کی انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایسے لوگ آئے تھے جنہوں نے معافی مانگی اور وہ اپنی غلطی کو تسلیم کرتے تھے کہ وہ بہکاوے میں آ کر لوگوں کو نقصان پہنچا رہے تھے اور انہوں نے اپنی غلطی مان کر سرنڈر کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کسی علاقے میں فوجی آپریشن نہیں ہو رہا ٹارگٹ

کارروائیاں اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن فورسز کر رہے ہیں اب خاموش تماشائی بنے کا وقت گزر چکا بچوں کے ساتھ ایک ڈرائیور اور اس کا ہیلپر بھی شہید ہوا ہے حکومت کے لئے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں اس طرف نہیں جائیں گے دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں وہ خوف کی وجہ سے ان کو سپورٹ کرتے ہیں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال 280 سے زائد دہشتگرد مارے گئے ان کو منطقی انجام تک پہنچا رہے ہیں دہشتگردی سے نمٹنے کے لیے قانون سازی لا رہے ہیں اور قانون میں ترامیم کر کے مسنگ پرسنز کے مسئلے کے حل کیلئے سینٹرل پوائنٹ بنا رہے ہیں تاکہ انہیں رکھا جائے اور ان سے تحقیقات کی جائیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ایک ہے حکومت سیکورٹی دینے میں ناکام نہیں غلطیاں حکومت اور ریاست سے ہوئی ہیں ہمیں اپنی غلطیوں سے سبق سیکھ کر اصلاح کر کے آگے بڑھنا چاہئے فورسز کی چیک پوسٹ بلاوجہ ختم کی گئی اس لئے انہیں چیک پوسٹ ختم کرنے کی بجائے اس میں بہتری لانی چاہئے تاکہ اس طرح کے واقعات کا تدارک کا ممکن بنایا جا سکے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی شفاف بنا رہے ہیں اصلاحات کا نتیجہ دنوں میں سامنے نہیں آتا بلکہ اس میں وقت درکار ہوتا ہے انہوں نے بتایا کہ علیحدگی پسندوں کی جنگ کا حال بھی تامل ٹائیگرز جیسا ہوگا اس تحریک کا انجام کشت و خون کے سوا کچھ نہیں اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن میں میرٹ پر نوجوانوں کو ملازمتیں دے رہے ہیں اور حکومت کی پہلی ترجیح میرٹ اور شفافیت پر تقرریاں اور تبادلے ہیں جس کے لئے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خضدار دھماکے کا شکار بس میں 46 بچے سوار تھے شدید زخمیوں کو کراچی منتقل کروا دیا گیا انہوں نے بتایا کہ اس واقعہ کی اطلاع ملی کہ اب دوبارہ بلوچستان میں حملہ کر دیا گیا ہے اب عالمی برادری کو دیکھنا ہوگا کس طرح دہشت گردی ہو رہی ہے بزدل دہشت گردوں نے آسان ٹارگٹ چنا ہے۔ بسوں کو اور پاکستانیوں کے بعد بچوں کو نشانہ بنایا گیا ہے ایک بار پہلے بھی بچوں پر حملہ کیا گیا تھا۔ موسیٰ خیل اور ٹرین کے حملے اور جہنم واصل ہو چکے ہیں ماؤں نے صبح تیار کر کے بچوں کو اسکول بھیجا تھا، دہشت گردوں نے خون میں نہلا دیا۔ میرا وعدہ تھا سڑکیں بند نہیں ہوں گی اب بند نہیں ہوئی انہوں نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق خضدار دھماکہ ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی سے کیا گیا ہے مکمل تحقیقات کے بعد پتہ چلے گا کہ دھماکہ خودکش تھا اور کس قسم کا تھا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No

Page No.

روزنامہ سنچری ایکسپریس

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

جلد 29 شمارہ 169 | جمعرات 24 ذیقعد 22 مئی 2025 | صفحات 8 قیمت 40 روپے



کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی خضدار دھماکے کے زخمی طالبہ کی عیادت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# خضدار حملہ انسانیت سوز، دہشتگردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

## بچوں کے مقدس خون کا حساب لیں گے، دشمن سے ایسی سفاکی کی امید ہرگز نہیں تھی، میر سرفراز بگٹی

## بڑا آپریشن نہیں موثر سمارٹ آپریشن ہوگا، عوام دہشتگردوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، پریس کانفرنس

## معصوموں کو نشانہ بنانا سفاکیت ہے، گورنر، سعید ہاشمی، صادق عمرانی، شعیب نوشیروانی و دیگر کی مذمت

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعرات 22 مئی 2025ء، بمطابق 24 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-139

## بھارت شکست کے بعد بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے

# اطلاعات تھیں کہ بھارت دوبارہ بلوچستان میں پراکسی تنظیموں کے ذریعے دہشتگردی کی سازش کر رہا ہے

وزیراعلیٰ بگٹی

### خضدار بس حملے میں چار بچوں سمیت چھ افراد شہید ہوئے، شہداء کے مقدس خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں ہم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے

ایسی بلوچیت پر لعنت بھیجتے ہیں جو بچوں پر حملہ کرتے ہیں، بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی نانی 'را' ہے، افغان عبوری حکومت سے کہتے ہیں کہ وہ اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہ ہونے دے

### طالبان نے دوحہ میں پوری دنیا سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے لیکن ان کی سرزمین پاکستان کے خلاف بار بار استعمال ہورہی ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت 9 اور 10 مئی کی شکست فاش کے بعد اب اس حد تک گر چکا ہے کہ ہمارے بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے، پہلے سے اطلاعات تھیں کہ بھارت دوبارہ بلوچستان میں پراکسی تنظیموں کے ذریعے دہشتگردی کی سازش کر رہا ہے، خضدار بس حملے میں چار بچوں سمیت چھ افراد شہید ہوئے، شہداء کے مقدس خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں ہم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے ایسی بلوچیت پر لعنت بھیجتے ہیں جو بچوں پر حملہ کرتے ہیں، بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کی نانی 'را' ہے، افغان عبوری حکومت سے کہتے ہیں کہ وہ اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہ ہونے دیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزراء سردار فیصل جمالی، راحیلہ حمید خان درانی، نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی، ولی محمد نورزئی، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار میں ایک گاڑی میں نصب بم حملے میں اسکول جانے والے بچوں کو نشانہ بنایا گیا جس میں چار بچے، ایک ڈرائیور اور ایک ہیلپر شہید ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں بچے انسانی، اخلاقی اور عالمی طور پر کسی بھی جنگ میں مبرا ہوتے ہیں

(بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

انسداد دہشتگردی کا نیا قانون لا رہی ہے جس کے تحت سینٹرز قائم کئے جائیں گے جس سے مسنگ پرسنز کا مسئلہ بھی حل ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی اداروں نے پلان تشکیل دیا ہے 10,000 اس پر کام کر رہے ہیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی نانی ایک ہی ہے یہ سارے راء کے لشکر ہیں اور پاکستان کے خلاف پراکسی ہیں بھارت نے شکست فاش اور منہ کی کھائی پڑی ہے جس کے بعد وہ ان تنظیموں کے ذریعے دہشتگردی پھیلا رہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکورٹی لیپس ایک بڑا لفظ ہے بس پر شور بچے سمیت جہاں بھی اطلاعات تھیں وہ سیکورٹی فراہم کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر اگر اہلکاروں کا رویہ مناسب نہیں تھا تو یہ نہیں ہوسکتا کہ چوکیدار ختم کردیں بلکہ اسے تبدیل کیا جاتا ہے ہم نے بلوچستان کو پرامن بنانا ہے صوبے میں اس وقت 99.99 فیصد نوکریاں میرٹ پر دی گئی ہیں، ڈاکٹر پوسٹنگ میرٹ پر ہورہی ہے، 99 فیصد پی ایس ڈی پی خرچ ہونے جارہا ہے اگرچہ 200 ارب سے بلوچستان کی ترقی ممکن نہیں تاہم حکومت بتدریج چیزیں بہتری کی جانب لیکر جائیگی اور نتائج آنے میں وقت لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جاری تحریک کا انجام بھی کردستان جیسا ہی ہوگا بلوچوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہ لاحاصل جنگ کا حصہ نہ بنیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GEN…
RELAT…

نظامت اعلیٰ تعلقات …
حکومت بلوچ…

Bullet No.

Page No.

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 22 مئی 2025ء بمطابق 24 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 139

## خضدار سانحہ ناقابل معافی جرم ہے

# دہشتگردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا وزیراعلیٰ بلوچستان

### خضدار میں سکول کے معصوم بچوں پر حملہ بھارت کی بزدلانہ اور وحشیانہ سوچ کی عکاسی ہے بھارت جنگ میں شکست کے بعد بلوچستان میں دہشتگردی کر رہا ہے

### خفیہ اطلاع موجود تھی کہ اے دیول نامی بھارتی ایجنٹ حملے کی تیاری کر رہا ہے لیکن یہ اندازہ نہیں تھا کہ نشانہ سکول کے بچے بنیں گے، میر سرفراز بگٹی کی صوبائی وزراء کے ہمراہ پریس کانفرنس



کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف سی ایم ایچ میں زخمی طالبات کی عیادت کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دیگر وزراء کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ (رمان) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردوں کا حملہ بھارت کی بزدلانہ اور وحشیانہ سوچ کی عکاسی ہے یہ واقعہ انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم ہے بھارت جنگ میں شکست کے بعد بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کے تحت دہشت گردی کر رہا ہے اور اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے ان دہشت گردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ان بچوں کے مقدس خون کا حساب ضرور لیا جائے گا بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، سردار فیصل خان جمالی، راحیلہ حمید خان درانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت علی لہڑی، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار کے اسکول پر حملے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق 4 بچے شہید اور 43 زخمی ہوئے یہ واقعہ دل دہلا دینے والا ہے ماں باپ نے جن بچوں کو صبح اسکول روانہ کیا دہشت گردوں نے انہیں خون میں نہلا دیا ابتدائی تحقیقات کے مطابق دھماکہ ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی سے کیا گیا تاہم مکمل تحقیقات سے حتمی طور پر معلوم ہوگا کہ آیا یہ خودکش حملہ تھا یا کسی اور نوعیت کا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کی خفیہ اطلاع پہلے سے موجود تھی ہمیں معلوم تھا کہ "اے دیول" نامی بھارتی ایجنٹ بلوچستان میں حملے کی تیاری کر رہا تھا تاہم یہ اندازہ نہیں تھا کہ نشانہ اسکول کے بچے بنیں گے انہوں نے کہا کہ دشمن سے ایسی سفاکی کی امید نہیں تھی لیکن یہ بھارت کا اصل چہرہ ہے جو دہشت گرد تنظیموں کے ذریعے اپنے ہی ایجنڈے کے تحت ہمارے بچوں کو مار رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ کوئی حقوق کی جنگ نہیں بلکہ پیسے کے عوض دشمن کے ایجنڈے کی تکمیل ہے کچھ عناصر بھارت سے پیسے لے کر اپنے ہی بچوں کو مروانے میں ملوث ہیں انہوں نے دہشت گردوں پر لعنت بھیجتے ہوئے کہا کہ جو اپنے آپ کو بلوچ کہلاتے ہیں اور بچوں کو نشانہ بناتے ہیں وہ بلوچ روایات سے دور کا بھی تعلق نہیں رکھتے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست نے اب تک لحاظ کیا ہے لیکن اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے ریاستی طاقت اب بھرپور طریقے سے استعمال ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوئی بڑا آپریشن نہیں بلکہ مؤثر اور کامیاب اسمارٹ آپریشن ہوگا جس میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائی ہوگی انہوں نے کہا کہ ان دہشت گردوں کی کوئی طاقت نہیں عوام صرف خوف کی وجہ سے خاموش ہیں عوام سے اپیل ہے کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں، موسیٰ خیل، نوشکی اور جعفر ایکسپریس پر حملوں میں ملوث دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا اب ان بچوں کے خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ خضدار کے دہشت گردوں کو بھی چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے افغان عبوری حکومت کو بھی یاد دہانی کروائی کہ دوحہ معاہدے میں انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ ان کی سرزمین کسی ملک کے خلاف استعمال نہیں ہوگی لیکن بلوچستان میں ہر حملے میں افغان سرزمین استعمال ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ اب دہشت گردوں کو آڑے ہاتھوں لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان بچوں کی شہادت نے ہمیں جھنجھوڑ دیا ہے اب وقت آ گیا ہے کہ ہر دہشت گرد کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی جائے اور بلوچستان کو دہشت گردی سے پاک کر کے دم لیا جائے انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف بلوچوں کو اس لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا اور بلوچستان میں علیحدگی کی نام نہاد تحریک کا انجام بھی ترکی کی کردستان تحریک جیسا ہوگا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوئی بلوچ کسی پنجابی کو نہیں مار رہا بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کر رہے ہیں، دہشت گرد جس تنظیم سے بھی ہوں ان کی "نائن الیون" ایک ہی ہے کسی کو بندوق یا تشدد کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے نہیں دیں گے دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily

Bullet No.


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حمید امین

جلد 80 | جمعرات 22 مئی 2025ء، 24 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 140




وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ خضدار کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

# خضدار، اسکول بس پر دہشتگردانہ حملہ 4 بچوں سمیت 6 افراد شہید

دہشتگردوں کو چن چن کر مارینگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## بزدلانہ حملہ بھارت کے دہشت گرد نیٹ ورک نے اپنی پراکسی تنظیموں سے کروایا، اسکول جانے والے معصوم بچوں کی بس کو نشانہ بنایا گیا

## بھارت 9 اور 10 مئی کی شکست فاش کے بعد اب اس حد تک گر چکا ہے کہ ہمارے بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں ایک اسکول بس کو دہشت گردانہ حملے کا نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں چار معصوم بچوں سمیت چھ افراد شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خضدار میں اسکول بس پر حملے میں 3 بچوں سمیت 5 افراد شہید اور متعدد بچے زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ بزدلانہ حملہ بھارت کے دہشت گرد نیٹ ورک نے اپنی پراکسی تنظیموں سے کروایا، اسکول جانے والے معصوم بچوں کی بس کو نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستانی مسلح افواج، پوری قوم کی حمایت کے ساتھ بھارت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا ہر سطح پر قلع قمع کریں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس بزدلانہ حملے کے منصوبہ ساز، سہولت کار اور حملہ آوروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا بھارتی حکومت کی اخلاقی پستی اور انسانیت دشمن پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے، بھارتی ریاستی دہشت گردی کا یہ مکروہ چہرہ عالمی برادری کے سامنے بے نقاب کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت آپریشن 'بنیان مرصوص' میں عبرت ناک شکست کے بعد بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشت، بدامنی پھیلانے کے لیے اپنے ایجنٹوں کو استعمال کر رہا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خضدار میں اسکول بس پر بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کا اسکول بس میں معصوم بچوں پر حملہ ان کی بلوچستان میں تعلیم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشت گردوں نے اسکول بس پر حملہ کرکے درندگی کی تمام حدیں پار کرلیں، بھارتی سرپرستی میں پلنے والے ان دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ وزیراعظم نے دہشت گرد حملے میں معصوم بچوں اور اساتذہ کی شہادت پر رنج و ملال، بچوں کے والدین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داران کے فوری تعین اور انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے خضدار میں زخمی ہونے والے بچوں کو ترجیحی بنیادوں پر فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ ان دہشت گردوں کے بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، پاکستان کے مستقبل، ننھے و معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم کی ہمدردیاں دہشت گردوں کی بربریت کا نشانہ بننے والے ان معصوم بچوں کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں،

دہشتگردوں کو چھوڑنے کے نتائج آج ہمارے سامنے مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست نے ہمیشہ ماں کی کا کردار ادا کیا ہے اب ریاست کو ہارڈ اسٹیٹ بننا ہوگا تاکہ قانون کی حکمرانی اور رٹ قائم ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان میں شاہراہیں بند نہیں ہونے دیں گے ہم نے یہ وعدہ پورا کیا اسی طرح بلوچستان میں جلد ہی امن لوٹے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے دروازے ان لوگوں کے لئے کھلے ہیں جو اپنی غلطی کا احساس کرتے ہوئے قومی دھارے میں شامل ہونا چاہتے ہیں لیکن تشدد کا راستہ اختیار کرنے والوں کو جواب انہی کی زبان میں تشدد سے ہی دیا جائیگا۔



☆☆☆☆☆☆☆☆ راولپنڈی، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر یادگار شہداء پر حاضری دے رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد حسن الرحمٰن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 78 | جمعرات 22 مئی 2025ء 24 ذی القعدہ 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 257

# دہشتگردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، بگٹی

خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردوں کا حملہ ہندوستان کی بزدلانہ اور وحشیانہ سوچ کی عکاسی ہے یہ واقعہ انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم ہے، کچھ عناصر ہندوستان سے پیسے لے کر اپنے ہی بچوں کو مروانے میں ملوث ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بھارت جنگ میں شکست کے بعد بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کے تحت دہشت گردی کر رہا ہے اور اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے ان دہشت گردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ان بچوں کے مقدس خون کا حساب ضرور لیا جائے گا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (مان) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردوں کا حملہ بھارت کی بزدلانہ اور وحشیانہ سوچ کی عکاسی ہے یہ واقعہ انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہے بھارت جنگ میں شکست کے بعد بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کے تحت دہشت گردی کر رہا ہے اور اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے ان دہشت گردوں کو چن چن کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ان بچوں کے مقدس خون کا حساب ضرور لیا جائے گا بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، سردار فیصل خان جمالی، راحیلہ حمید خان درانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت علی لہڑی، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار کے اسکول پر حملے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق 4 بچے شہید اور 43 زخمی ہوئے یہ واقعہ دل دہلا دینے والا ہے ماں باپ نے جن بچوں کو صبح اسکول روانہ کیا دہشت گردوں نے انہیں خون میں نہلا دیا ابتدائی تحقیقات کے مطابق دھماکہ ریموٹ کنٹرول ڈیوائس سے کیا گیا تاہم مکمل تحقیقات سے حتمی طور پر معلوم ہوگا کہ آیا یہ خودکش حملہ تھا یا کسی اور نوعیت کا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کی خفیہ اطلاع پہلے سے موجود تھی ہمیں معلوم تھا کہ

"اے بی ویل" نامی بھارتی ایجنٹ بلوچستان میں حملے کی تیاری کر رہا تھا تاہم یہ اندازہ نہیں تھا کہ نشانہ اسکول کے بچے بنیں گے انہوں نے کہا کہ دشمن سے ایسی سفاکی کی امید نہیں تھی لیکن یہ بھارت کا اصل چہرہ ہے جو دہشت گرد تنظیموں کے ذریعے اپنے ہی ایجنڈے کے تحت ہمارے بچوں کو مار رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ یہ کوئی حقوق کی جنگ نہیں بلکہ پیسے کے عوض دشمن کے ایجنڈے کی تکمیل ہے کچھ عناصر بھارت سے پیسے لے کر اپنے ہی بچوں کو مروانے میں ملوث ہیں انہوں نے دہشت گردوں پر لعنت بھیجتے ہوئے کہا کہ جو اپنے آپ کو بلوچ کہلاتے ہیں اور بچوں کو نشانہ بناتے ہیں وہ بلوچ روایات سے دور کا بھی تعلق نہیں رکھتے کریک ڈاؤن جیسا ہوگا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کوئی بلوچ کسی پنجابی کو نہیں مار رہا بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کر رہے ہیں، دہشت گرد جس تنظیم سے بھی ہوں ان کی "ماں" ایک ہی ہے کسی کو بندوق یا تشدد کے زور پر اپنا نظریہ مسلط کرنے نہیں دیں گے دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچا کر دم لیں گے

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

جلد 21 | جمعرات 22 مئی 2025ء، 24 ذی القعدہ 1446ھ | شمارہ


# دشمن بزدل ہے اسے سخت سبق سکھائیں گے، میر سرفراز بگٹی

خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردوں کا حملہ بھارت کی بزدلانہ اور دہشتانہ سوچ کی عکاسی ہے یہ واقعہ انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم ہے

امید نہیں تھی لیکن یہ بھارت کا اصل چہرہ ہے جو دہشت گرد تنظیموں کے ذریعے اپنے ایجنڈے کے تحت ہمارے بچوں کو مار رہا ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردوں کا حملہ بھارت کی بزدلانہ اور دہشتانہ سوچ کی عکاسی ہے یہ واقعہ انسانیت سوز اور ناقابل معافی جرم ہے بھارت جنگ میں شکست کے بعد بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کے تحت دہشت گردی کر رہا ہے اور اب معصوم بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے ... دہشت گردوں ... بقیہ 3 صفحہ نمبر

[illegible]



وزیراعظم شہباز شریف کا کوئٹہ آمد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی استقبال کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں، صوبائی وزراء بھی ہمراہ ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# Indian-backed terrorists target innocent schoolchildren: Bugti

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister (CM) Mir Sarfraz Bugti on Wednesday strongly condemned the terrorist attack on a school bus in Khuzdar, calling it a reflection of India's "cowardly and barbaric mindset" following its defeat in conventional warfare.

Speaking at a press conference held at the Chief Minister's Secretariat in Quetta, Bugti said the brutal attack, which claimed the lives of four schoolchildren and left 43 others injured, represents an unforgivable crime against humanity.

Accompanied by provincial ministers Noor Muhammad Dummar, Sardar Faisal Khan Jamali, Raheela Hameed Khan Durrani, Parliamentary Secretaries Haji Wali Muhammad Noorzai, Mir Liaquat Ali Lehri, and Spokesperson of Balochistan government Shahid Rind, CM Bugti held India responsible for orchestrating the attack through terrorist proxies to destabilize Balochistan. "The children who left their homes for school in the morning were drenched in blood by the afternoon. This incident has shaken our collective conscience," said Bugti. He confirmed that initial investigations suggest the explosion was caused by a remote-controlled device, though the possibility of a suicide attack has not been ruled out pending further inquiry.

Bugti revealed that intelligence agencies had prior information of a potential attack planned by an Indian operative named "Ajay Deol." However, the targeting of schoolchildren came as a shock. "This is the true face of India, using terror outfits to carry out its malign agenda by spilling the blood of our innocent children," he added. The CM condemned local elements who, he said, are accepting money from Indian sources to serve foreign agendas under the guise of a separatist movement. "This is not a struggle for rights, this is a mercenary war against our own people," he asserted. "Those who claim to be Baloch and target children have no connection with Baloch values or traditions."

Bugti warned that the state has shown restraint so far, but this should not be mistaken for weakness. He announced a decisive shift in counterterrorism strategy, emphasizing the use of "smart, targeted operations" instead of large-scale military campaigns. "We will strike with precision and eliminate every last terrorist responsible for such atrocities," he vowed.

He also reminded the interim Afghan government of its commitments under the Doha Agreement, stating that Afghan soil continues to be used for launching attacks into Balochistan. "Every attack in Balochistan has a link to Afghan territory. This cannot continue unchecked," Bugti said.

Calling for public support, he urged the people of Balochistan to rise against terrorism and shed their fear. "Terrorists involved in the Musakhail, Nushki, and Jaffar Express attacks have been neutralized. I now swear by the blood of our martyred children that the perpetrators of the Khuzdar attack will also be brought to justice." CM also dismissed the notion of ethnic conflict, said that "in Balochistan, no Baloch is killing any Punjabi; rather, terrorists are martyring Pakistanis. No matter which organization the terrorists belong to, their 'origin' is the same. We will not allow anyone to impose their ideology through force or violence. We will not rest until the terrorists meet their logical end."

He concluded by warning separatist elements that their so-called movement will meet the same fate as the failed Kurdish insurgency in Turkey. "We will not allow any group to impose its ideology at gunpoint.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. ______ Dated: 22 MAY 2025 Page No. ______



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti addressing a press conference regarding terrorist attack on a school bus in Khuzdar on Wednesday.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. Dated 22 MAY 2025 Page No.


## مریم نواز کا سرفراز بگٹی سے رابطہ، اسکول وین حملے پر اظہار دکھ

**دل دہلا دینے والے واقعے نے قوم کو سوگوار کر دیا، ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہیں، متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی**

لاہور (جنگ نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور خضدار میں اسکول وین پر حملے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ مریم نواز شریف نے معصوم بچوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک دل دہلا دینے والا واقعہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پنجاب حکومت بلوچستان کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 22 MAY 2025 Page No. ______


## فیلڈ مارشل کا اعزاز جنرل عاصم منیر کی عسکری بصیرت کا اعتراف، شعیب نوشیروانی

**بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کیلئے جو کاوشیں ہوئیں وہ قابل تحسین ہیں، وزیر خزانہ کی مبارکباد**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے تاریخی اعزاز پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز نہ صرف جنرل عاصم منیر کی عسکری بصیرت کا اعتراف ہے بلکہ پوری قوم کے اعتماد اور فخر کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کے لیے جنرل عاصم منیر کی قیادت میں جو مسلسل کاوشیں ہوئیں، وہ قابل تحسین ہیں، ان کی جرات مندانہ قیادت نے پاکستان کو اندرونی و بیرونی چیلنجز کا بہادری سے سامنا کرنے کی صلاحیت دی، میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی خدمات ایک درخشاں مثال کے طور پر ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ہمیں اپنی افواج اور ان کی قیادت پر فخر ہے جو پاکستان کو درپیش ہر چیلنج کے وقت ڈھال بن کر کھڑے رہتے ہیں۔

## پٹ فیڈر کینال میں بھل صفائی سے پانی کے بہاؤ میں بہتری آئیگی، صادق عمرانی

**پانی کی ترسیل میں تاخیر پر وہ لوگ بھی احتجاج کر رہے ہیں جن کی زرعی اراضی ہے ہی نہیں، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے ممبر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز خان بگٹی کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان میں زرعی انقلاب لانے کے لیے پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی جاری ہے۔ کچھ مقامات پر 2022 میں سیلاب کی وجہ سے پٹ فیڈر کینال کے حصے کا ہزاروں کیوسک پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ تھی۔ جس کی وجہ سے نصیر آباد ڈویژن میں لاکھوں ایکڑ اراضی متاثر تھی۔ ہر سال پانی کی قلت پر زمیندار اور کاشتکار سراپا احتجاج بھی تھے۔ پانی کی ترسیل میں تاخیر پر وہ لوگ احتجاج کر رہے ہیں جن کی زرعی اراضی ہے نہیں۔

## قوم فوج کیساتھ، دہشتگردی کا ناسور جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، علی حسن

**معصوم بچوں کو نشانہ بنانا کونسی بہادری، ہمارے مستقبل سے کھیلا گیا، صوبائی وزیر کی خضدار واقعہ کی مذمت**

حب (پ ر) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے خضدار میں معصوم بچوں کی بس پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا کون سی بہادری ہے۔ میدان جنگ میں بھارت پاکستانی فوج کے ہاتھوں تاریخی شکست کے بعد اپنے حواس کھو بیٹھا اور خضدار جیسے اوچھے واقعات کے ذریعے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے واقعہ میں شہید بچوں کے والدین سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور اس کے ساتھیوں نے ہمارے مستقبل سے کھیلا ہے، ہم شہید بچوں کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ علی حسن زہری نے واضح کیا کہ بلوچستان کے غیور اور محب وطن عوام دشمن کی سازشوں کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ہم جلد ان ناپاک عناصر سے حساب لیں گے۔

## جنرل عاصم منیر کی موجودگی میں ملک کا مستقبل محفوظ ہے، کوہیار ڈومکی

**فیلڈ مارشل کا عہدہ قوم کے اعتماد، یکجہتی اور افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار ڈومکی نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعلیٰ ترین عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے ملکی تاریخ کا سنہری باب قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے دہشتگردی، انتشار اور بیرونی سازشوں کے خلاف جس حکمت، حوصلے اور کامیابی سے کردار ادا کیا وہ قابل فخر ہے۔ ان کی اصولی قیادت، غیر متزلزل عزم اور قومی سلامتی کے لیے غیر معمولی خدمات نے انہیں اس عظیم اعزاز کا مستحق بنایا۔ کوہیار ڈومکی نے کہا کہ فیلڈ مارشل کا عہدہ محض ایک رینک نہیں بلکہ یہ پوری قوم کے اعتماد، یکجہتی اور افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنرل عاصم منیر کی موجودگی میں ملک کا مستقبل محفوظ اور روشن ہے۔

## جنرل عاصم کا فیلڈ مارشل بننا انکی پیشہ ورانہ مہارت کا اعتراف، سردار کھیتران

**اسکول بس پر حملہ بدترین دہشتگردی، خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائیگا، صوبائی وزیر کی واقعہ کی مذمت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر فائز ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز نہ صرف جنرل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ مہارت، تدبر اور جرأت کا اعتراف بلکہ ملکی افواج پر قوم کے اعتماد کی روشن علامت بھی ہے۔ سردار کھیتران نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے عسکری نظم و ضبط، قومی وقار اور استقلال کو ایک نئی بلندی عطا کی، ان کی قیادت میں پاکستان کی سرحدیں محفوظ اور عوام پر اعتماد ہیں، اس لیے فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کے شایان شان ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ جنرل عاصم منیر کا وژن قومی سلامتی، وحدت اور ترقی کی ضمانت ہے اور ان کی قیادت میں پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست کی جانب گامزن ہے۔ قومی اداروں کی مضبوطی میں سپہ سالار کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# ڈیجیٹل تبدیلی صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، چیف سیکرٹری

## بلوچستان نے ڈیجیٹل تبدیلی کی بے پناہ صلاحیت کو تسلیم کیا اور کئی منصوبے شروع کیے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان ترقی کے فروغ، گورننس کو بہتر بنانے اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کے لئے ڈیجیٹل تبدیلی پر خصوصی توجہ دے رہا ہے، تاہم یہ سفر اہم چیلنجوں کے ساتھ ہے جن کا کامیاب تدارک ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیجیٹلائزنگ لاء، بلوچستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کے مواقع اور چیلنجز کے حوالے سے بیوٹمز یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ بلوچستان کو ڈیجیٹل تبدیلی کی ضرورت ہے، ہم ڈیجیٹل تبدیلی کو ایڈ آن کے طور پر نہیں بلکہ اپنے ترقیاتی ماڈل کو بنیادی طور پر دیکھتے ہیں اور UNDP اور ان تمام شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو مزید مربوط، قابل اور مساوی مستقبل کی تشکیل میں ہماری مدد کر رہے ہیں اور وہ بھی ایک ایسے دور میں جہاں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی امکانات کی حدود کو از سر نو متعین کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سرکاری کام میں شفافیت، کارکردگی اور جوابدہی کو بڑھا سکتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2025

Page No.


## پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا پرو وائس چانسلر بیوٹمز کی غیر حاضری پر اظہار برہمی

**کمیٹی اراکین نے بلوچستان کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر غیر حاضری پر شدید برہمی کا اظہار کیا [illegible]**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی صدارت میں ہوا جس میں اراکین کمیٹی زابد علی ریکی، فضل قادر مندوخیل، غلام دستگیر بادینی [illegible] اور ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی [illegible] نے شرکت کی۔ اجلاس میں [illegible] بیوٹمز کے وائس چانسلر کی اجلاس میں غیر حاضری پر برہمی کا اظہار کیا گیا۔ [illegible]

## عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر یوٹیلیٹی اسٹور کے افسروں کو قید و جرمانہ

**فیصلہ این آئی آر سی کوئٹہ بینچ کے رکن نے ایک درخواست پر سنایا، آئندہ ملازمت کیلئے نااہل، مالی مراعات معطل**

کوئٹہ (ط ن) نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کوئٹہ بینچ کے رکن عبدالغنی سوالن نے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن آف پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ اسلام آباد کے ایم ڈی [illegible] کے خلاف ایک اہم فیصلہ سنا دیا۔ فیصلہ عبدالشکور ولد شیر محمد [illegible] اور دیگر 26 ملازمین کی جانب سے دائر کردہ توہین عدالت کی درخواست پر سنایا گیا۔ فیصلے کے مطابق مذکورہ افسران کو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر چھ ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی اس کے علاوہ انہیں آئندہ کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری یا عوامی ادارے میں ملازمت یا نمائندگی کے لئے نااہل قرار دیا گیا۔ عدالت نے افسران کی تنخواہوں اور مالی مراعات کی فوری معطلی کے احکامات بھی جاری کئے۔ فیصلہ افسران کی جانب سے عدالتی احکامات کی مسلسل خلاف ورزی اور توہین عدالت کے مرتکب ہونے پر سنایا گیا ہے جو کہ NIRC کی جانب سے عدلیہ کے وقار اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لئے اہم قدم ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن نے پاکستان [illegible] کے افسران کو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر چھ ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی تھی۔

## چیف جسٹس اعجاز سواتی کی بلوچستان ہائیکورٹ آمد، گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

کوئٹہ (ط ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد اعجاز سواتی کی ہائی کورٹ آمد پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا، بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز جج صاحبان، رجسٹرار اور افسران نے معزز چیف جسٹس ہائی کورٹ بلوچستان کو چیف جسٹس کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔

## کوئٹہ سے عید اسپیشل ٹرین 3 جون کو روانہ ہوگی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلویز نے عید کے موقع پر 4 اسپیشل ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے پہلی عید اسپیشل ٹرین کراچی سے لاہور 2 جون کو دوپہر 1 بجے روانہ ہوگی، دوسری عید اسپیشل ٹرین 3 جون کو صبح 10 بجے کوئٹہ سے پشاور، تیسری ٹرین لاہور سے کراچی کے لیے 4 جون کو شام 3 بجے چلائی جائے گی کراچی سے راولپنڈی چوتھی عید اسپیشل ٹرین 4 جون کو رات 8 بجے روانہ ہوگی اور پانچویں اور آخری عید اسپیشل ٹرین کراچی سے لاہور 4 جون کو رات 8 بجے روانہ ہوگی۔

## نوجوانوں کی شرکت سے جمہوری نظام مزید مستحکم ہوگا، صوبائی الیکشن کمشنر

**اصغر سیال کی زیر صدارت ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس، تجاویز پر غور، تعلیمی اداروں میں سیمینار منعقد کرنے کا فیصلہ**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس چیئرمین پی وی ای سی کمیٹی صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کے مختلف اضلاع کی ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کے اجلاس اور ان کی جانب سے وصول کی گئی تجاویز اور درپیش مسائل زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی شرکت یقینی بنانے کیلئے مختلف تجاویز دیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے ووٹ کے اندراج کے لیے [illegible] ایم آر او ز کی صوبائی کے طریقہ کار کو مزید آسان بنانے کی ضرورت ہے۔ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کی جمہوری عمل میں شرکت سے جمہوری نظام مزید مستحکم ہوگا لہٰذا تجویز دی گئی کہ یونیورسٹی، کالج اور سکولوں کی سطح پر منظم اور جامع سیمینار منعقد کیے جائیں۔ شرکاء نے مزید کہا کہ معاشرے کے محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو مستفید کیا جائے تاکہ نظم اور شمولیت مکمل تیار کی جاسکے۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے شرکاء کی تجاویز کو سراہتے ہوئے کہا کہ اجلاس کے حوالے سے مفصل رپورٹ تیار کر کے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو بھجوائی جائے گی جس کے بعد ایک جامع لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ اجلاس میں پروانشل ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کے ارکان جن میں نادرا، یونیورسٹیز، کالج اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔

## تمام تر چیلنجز کے باوجود پولیو وائرس کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، سیکرٹری صحت

**آئندہ نسلوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانا ہمارا قومی فریضہ ہے، حکومت تمام وسائل استعمال کرے گی، مجیب الرحمن پانیزئی**

ژوب (نامہ نگار) صوبائی سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی نے کہا ہے کہ پولیو کی راہ میں حائل تمام تر چیلنجز کے باوجود ہم پولیو وائرس کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں پولیو جیسی مہلک بیماری کا خاتمہ اگرچہ مشکل کام ہے لیکن ناممکن ہرگز نہیں آئندہ نسلوں کو زندگی بھر کی معذوری سے بچانا ہمارا قومی فریضہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال برشور میں انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پولیو کے وائرس کا خاتمہ ہمارا قومی فریضہ اور ذمہ داری بھی ہے جس کے لیے ایک نئے عزم کے ساتھ ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے جس کے لیے حکومت تمام وسائل استعمال کرے گی انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ انسداد پولیو مہم میں پولیو ورکرز کے ساتھ تعاون یقینی بنائیں تاکہ ہمارے بچے اس موذی مرض سے محفوظ رہیں۔ سیکرٹری صحت نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ژوب کو انسداد پولیو مہم کی مکمل نگرانی اور انکاری والدین کو راضی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام اور قبائلی عمائدین کے تعاون سے مقامی انتظامیہ کو انسداد پولیو مہم میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 22 MAY 2025 Page No.________

## موجودہ حکومت غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری ہے، محمود اچکزئی

**عمران خان سے ججوں اور پارٹی رہنماؤں کی ملاقات پر پابندی غیر انسانی عمل ہے، خطاب**

اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی ممبران کے زیر اہتمام عمران خان کی رہائی کے لیے احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی پارٹی کا لیڈر عمران خان جنہوں نے الیکشن جیتا ہے اور یہ الیکشن زور زور، ڈنڈے کی بنیاد پر ان سے چھین کر غیر آئینی طور پر شہباز شریف اینڈ کمپنی کے حوالے کیا گیا جو غلط ہے۔ موجودہ حکومت غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری ہے۔ اس کو سپورٹ کرنے والا ہر فرد چاہے وہ کسی بھی ادارے کا ہو وہ آئین کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ عمران خان سمیت سینکڑوں کارکنان اس گناہ میں جیل میں ہیں کہ انہوں نے یہاں احتجاج کیا تھا لوگوں کو گولیاں ماری گئیں، جو جیل میں ہیں ان کی بیٹیاں ہوتی ہیں انہیں تنگ کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی پاکستان کو چلانا چاہتا ہے تو فوراً عمران خان کی پارٹی ان کے دوستوں کو رہا کرے۔

## حکومت کو مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنی چاہئے، ہدایت الرحمان

**حکومتوں کے وسائل طاقتور لوگوں کیلئے نہیں کمزوروں کیلئے ہوتے ہیں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کو کمزوروں، یتیموں، بیواؤں اور مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنی چاہیے۔ بجٹ میں ملازمتوں کے حوالے سے معذور افراد کو حقوق کو 5 فیصد فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں ہم اہل خیر کے تعاون الخدمت کے ذریعے ملک بھر کی طرح بلوچستان میں مصیبت زدہ پریشان حال عوام کی خدمت بلاتفریق رنگ و نسل کررہے ہیں۔ الخدمت جماعت اسلامی دیانتداری سے ایماندار مخلص رضاکاروں کے ذریعے رضاکاروں کی مدد سے جہاں جانے کی ضرورت ہو ضرورتمند معذور، یتیم بیوہ تک مدد بلاتفریق پہنچا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کے زیر اہتمام معذور افراد میں مفت وہیل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں 30 سے زائد غریب معذور مرد و خواتین میں وہیل چیئرز تقسیم کیے گئے تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کے صدر حبیب اللہ خان، مولانا عبدالحمید منصوری نے خطاب میں کہا کہ کوئٹہ کے تاجر برادری مخیر حضرات ضرورت مندوں، غرباء و مساکین طلباء کی مدد الخدمت کے پراجیکٹس میں دعوت بہتری کیلئے ادارے کے ساتھ تعاون کریں تاکہ دکھی انسانیت کی خدمت کا عمل جاری رہے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ غم سمیٹنے خوشیاں عام کرنے کے لیے الخدمت جماعت مخیر حضرات کے تعاون سے گوادر سے ژوب تک مصروف عمل ہے۔

## اخباری صنعت کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں، نیشنل پارٹی

**اشتہارات کی بی پی پی آر اے سے منسلکی قبول نہیں، وفد کا احتجاجی کیمپ آکر یکجہتی کا اظہار**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو کی قیادت میں پارٹی وفد نے ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے علامتی احتجاجی کیمپ آکر یکجہتی کا اظہار کیا وفد میں عبدالخالق بلوچ چیئرمین منصور بلوچ، میران بلوچ، ڈاکٹر طارق بلوچ عبدالغنی بلوچ مختیار بلوچ اور کریم بلوچ شامل تھے۔ ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالستار لانگو نے وفد کو سرکاری اشتہارات کو BPPRA پر منتقل کرنے، اخبار مارکیٹ کے مسائل بارے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں صنعتی زون نہ ہونے کے باعث اخبارات و جرائد حکومت کی جانب سے جاری ہونے والے اشتہارات پر انحصار کرتے ہیں اگر حکومت کی جانب سے ایسی پالیسی اپنائی گئی تو پرنٹ میڈیا بند ہو جائے گا 8 برس سے اخبار مارکیٹ کے نرخ جاری نہیں کیے جا رہے ترجمان علی احمد لانگو کا کہنا تھا کہ نیشنل پارٹی ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے مطالبات کی حمایت کرتی ہے کیونکہ ہماری پارٹی اصولی موقف رکھتی ہے کہ مقامی اخبارات، جرائد اور اخبار فروشوں کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہارات کو کم کرنا قدغن لگانا درست عمل نہیں۔

## حکومت لیویز کو پولیس میں تبدیل کرنیکا اختیار حاصل نہیں رکھتی، پشتونخوا میپ

**صوبے کے 90 فیصد ایریا میں بہترین امن کو ختم کرنیکی سازش کو ترک کرکے نوٹیفکیشن واپس لیا جائے**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی نام نہاد مسلط حکومت کی جانب سے صوبے کے دیگر بالخصوص ژوب ڈویژن میں لیویز کو پولیس میں تبدیل کرنے کا اختیار حاصل نہیں، پارٹی فارم 47 کی مسلط حکومت کے غیر آئینی، غیر قانونی فیصلے کی مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مسلط غیر نمائندہ حکومت کی جانب سے لیویز جن کے پاس 90% سے زیادہ ایریا ہے جس میں جرائم کی شرح 10 فیصد سے بھی کم ہے جبکہ 90 فیصد جرائم پی 'A' ایریا میں ہے، اسے ختم کرنا صوبہ دشمنی اور عوام دشمنی کے سوا کچھ نہیں اور پارٹی مسلط فارم 47 کی نام نہاد حکومت کی جانب سے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے اور پالیسی کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ اس سلسلے میں نام نہاد حکومت اپنا نوٹیفکیشن واپس لیکر ایک لمبے عرصے سے قائم مستحکم لیویز نظام اور اس کے ذریعے صوبے کے 90 فیصد ایریا میں بہترین امن کو ختم کرنے کی سازش کو ترک کرے کیونکہ یہ فیصلہ ہمارے عوام کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔

## قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل کی جائیگی، لشکری رئیسانی

**آئندہ نسلوں کیلئے درد رکھنے والے رضاکارانہ طور پر قومی سوچ کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوابزادہ حاجی لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ مادر وطن کی بقاء و روایتی امن کیلئے قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل تو کررہے ہیں وہ لوگ جو اپنے دل میں آئندہ نسلوں کیلئے درد رکھتے ہیں رضاکارانہ طور پر قومی نظم اور اجتماعی قومی سوچ کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، یہ بات انہوں نے دو فریقین کے مابین جاری تنازع کے پرامن تصفیہ کیلئے سراوان ہاؤس میں ہونے والے جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ہم معاشرے اور قومی بقاء کیلئے اپنے روایتی امن اور قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل تو کررہے ہیں اور اس کی بنیاد پر ہم اپنی قوم کو افراتفری، بدامنی کے بحران سے نکالنے میں کامیاب ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وہ لوگ جو اپنے دل میں آئندہ نسلوں کا درد رکھتے ہیں وہ رضاکارانہ طور پر قومی نظم اور اجتماعی قومی سوچ کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور جو لوگ پہلے سے یہ کررہے ہیں ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 22 MAY 2025 Page No.


حملے کا منصوبہ بھارت میں بنا، مقامی دہشتگردوں نے تکمیل تک پہنچایا، بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی کیخلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچانے کا وقت آگیا، وزیراعظم/فیلڈ مارشل

آرمی پبلک سکول
خضدار کی بس
پر خودکش حملہ

# 4 طالبات، 2 جوان شہید، 39 بچوں سمیت 53 افراد زخمی

دہشتگردوں نے خضدار زیرو پوائنٹ کے مقام پر آرمی پبلک اسکول کی بس کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں طالبات ثانیہ سومرو، حفظہ کوثر، عیشا سلیم اور پاک فوج کے 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ کوئٹہ، خضدار دھماکے میں زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کی، وزیراعلیٰ، کور کمانڈر، ایف سی کمانڈرز اور سول حکام سے ملاقات کے بعد اہم فیصلے

اسکول جانے والے بچوں پر دہشت گردانہ حملہ انتہائی شرمناک، بھارت نے شکست کے بعد یہ بزدلانہ حملہ کرایا ہے، عالمی برادری معصوم بچوں پر کیے جانے والے حملے کا نوٹس لے، وزیراعظم

پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ... دہشتگردی میں ملوث تمام افراد کا پیچھا کریں گے، فیلڈ مارشل، بھارت کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے، وفاقی وزراء

[illegible]

## کوئٹہ، پولیس نے منشیات فروشوں سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے متعدد انقلابی اقدامات کا فیصلہ!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے اس میں ٹریفک کا مسئلہ دن بدن سنگین صورت اختیار کرتا جارہا ہے کیونکہ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ٹریفک میں اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث شہر کی اکثر سڑکوں پر آئے روز بدترین ٹریفک جام رہتی ہے جس کے باعث بچوں سکولوں کو اور سرکاری ملازموں اپنے دفاتر بروقت نہیں پہنچ پاتے جبکہ دوسری جانب مریضوں کو بھی ہسپتالوں میں پہنچنے میں تاخیر ہوتی ہے اس طرح یہ مسئلہ عوام کے لیے ایک بہت بڑا دردسر بنا ہوا ہے۔اس مسئلے کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے متعدد اقدام سمیت دیگر اہم فیصلے کیے گئے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے مرکزی شہر کو "ڈاؤن ٹاؤن" قرار دینے کی منظوری دی جہاں رکشوں کی جگہ محدود تعداد میں جدید اور ماڈل دوست الیکٹرک کاریں متعارف کرائی جائیں گی۔ان میں خواتین کے لیے خصوصی "پنک کاریں" بھی شامل ہوں گی۔وزیراعلیٰ نے اجلاس میں وال چاکنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں اور اشتہاری کمپنیوں کو قانونی نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے ہدایت کی کہ غیر فعال سرکاری سکولوں کو بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت فعال بنایا جائے۔عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی تاخیر یا رکاوٹ قبول نہیں ہے۔انہوں نے بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح سے متعلق منصوبوں میں سنجیدگی،تیزی اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ کوئٹہ کو جدید،صاف اور منظم شہر بنایا جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کے لیے متعدد انقلابی اقدامات کا فیصلہ قابل تعریف ہے اس سے ٹریفک کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی جہاں تک عوامی مفاد کے منصوبوں میں ہر کسی قسم کی تاخیر یا رکاوٹ قبول نہ کرنے کی بات ہے تو یہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان ایک عوامی رہنما ہیں اور وہ عوام کی مشکلات کے خاتمے کے لیے کوشاں ہیں۔غیر فعال سکولوں کو بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت فعال بنانے سے کوئٹہ میں تعلیم کے حوالے سے بھی اچھی پیش رفت کی امید ہے کیونکہ اس وقت تعلیم کے حوالے سے بھی مسائل درپیش ہیں اس سلسلے میں اقدامات کرنا بہت ہی ناگزیر ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# دہشت گردی کا ناسور: اتحاد و یکجہتی کی ضرورت !!!

بدھ کے روز بلوچستان کے ضلع خضدار میں دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جو انتہائی قابل مذمت ہے اور اس سے پوری قوم افسردہ ہوئی ہے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردی کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ معصوم بچوں پر وحشیانہ حملہ افسوسناک اور ناقابل برداشت ہے، ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا وزیراعظم شہباز شریف بیان میں کہا کہ بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کا اسکول بس میں معصوم بچوں پر حملہ ان کی بلوچستان میں تعلیم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشت گردوں نے اسکول بس پر حملہ کرکے درندگی کی تمام حدیں پار کرلیں، بھارتی سرپرستی میں پلنے والے ان دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے وزیراعظم نے دہشت گرد حملے میں معصوم بچوں اور اساتذہ کی شہادت پر رنج و ملال، بچوں کے والدین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داران کے فوری تعین اور انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے خضدار میں زخمی ہونے والے بچوں کو ترجیحی بنیادوں پر فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ ان دہشت گردوں کے بلوچستان کے امن کو خراب کرنے کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، پاکستان کے مستقبل، ننھے معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھ سمیت پوری قوم کی ہمدردیاں دہشت گردوں کی بربریت کا نشانہ بننے والے ان معصوم بچوں کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں، سکیورٹی فورسز اور حکومت پاکستان ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم اور متحد ہیں وزیراعظم شہباز شریف خضدار واقعے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کوئٹہ پہنچے وفاقی وزراء بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خضدار میں زیرو پوائنٹ پر اسکول بس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دھماکا دشمن کی ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے خضدار میں دہشتگردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈیا دوول بلوچستان میں دہشت گردی کی پلاننگ کررہا ہے، بھارتی مشیر قومی سلامتی نے معصوم بچوں کو نشانہ بنایا دیکھا جائے تو دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ ہے تاہم پاکستان کو دہشت گردی نے بہت زیادہ متاثر کیا ہے خضدار میں معصوم بچوں کی شہادت ایک المناک واقعہ ہے، اور یہ کوئی پہلا موقع نہیں جب پاکستان نے دہشت گردی کی وجہ سے بے گناہ جانوں کا نقصان اٹھایا ہو۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں، اور اس ناسور کے مکمل خاتمے کے لئے سیاسی و عسکری قیادت پرعزم ہے۔ پاکستان کو گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے شدید حملوں کا سامنا رہا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں دوبارہ اضافہ دیکھا گیا ہے، خاص طور پر خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں۔ یہ اضافہ افغانستان سے امریکی انخلاء کے بعد کالعدم تنظیموں کی سرگرمیوں میں شدت آنے اور اس کے گٹھ جوڑ سے منسلک ہے۔ خضدار جیسے واقعات، جہاں معصوم بچے دہشت گردی کا نشانہ بنے نہ صرف سفاکیت پر مبنی ہیں بلکہ یہ اس بات کے بھی متقاضی ہیں کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پوری قوم متحد و یکجہت ہو کر جدوجہد کرے دہشت گردی کے واقعات میں اب تک ہزاروں پاکستانی شہری اور سکیورٹی اہلکار شہید اور زخمی ہوئے ہیں۔ خضدار جیسے واقعات، جہاں بچے نشانہ بنے، پوری قوم کو گہرے صدمے سے دوچار کرتے ہیں۔ دہشت گردی نے عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو متاثر کیا ہے، حالانکہ پاکستان خود دہشت گردی کا سب سے بڑا شکار رہا ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ فوجی آپریشنز، انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں، اور قانون سازی کے ذریعے اس ناسور کا مقابلہ کیا گیا ہے پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف مؤثر قوانین بنائے اور انہیں نافذ کیا تاکہ دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جا سکے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابیوں کے حصول کے لئے پاکستان نے ہزاروں سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ فوجی آپریشنز میں کئی جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، اور ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے ایک جامع اور کثیر الجہتی حکمت عملی کی ضرورت ہے، جس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت ہو دہشت گردی کے خاتمے کے لئے مضبوط سیاسی قیادت اور تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان قومی اتفاق رائے ضروری ہے پوری قوم کو دہشت گردی کے خلاف ایک آواز ہو کر کھڑا ہونا ہوگا اور کسی بھی قسم کی انتہا پسندی کو مسترد کرنا ہوگا خضدار میں معصوم بچوں کی شہادت ایک گہرا زخم ہے جو پوری قوم کے دل پر لگا ہے۔ یہ واقعہ اس بات کی یاددہانی ہے کہ دہشت گردی کا ناسور ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوا۔ تاہم، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں غیر معمولی قربانیاں دی ہیں اور اس کے خاتمے کے لئے پرعزم ہے۔ اس جنگ میں کامیابی کے لئے ایک جامع، کثیر الجہتی، اور پائیدار حکمت عملی کی ضرورت ہے جس میں سیاسی و عسکری قیادت کا پختہ عزم اور عوام کا بھرپور تعاون شامل ہو۔ پوری قوم کو اتحاد، یکجہتی، اور عزم کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا تاکہ دہشت گردی کے اس ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے اور پاکستان میں امن و استحکام کا دور آ سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. Dated: 22 MAY 2025 Page No.


## بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے

[illegible]

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# دہشت گردی اور اسمگلنگ کا خاتمہ ضروری

وفاقی کابینہ نے معرکۂ حق، آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی اور دلیرانہ قیادت کی بنیاد پر ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن کو شکست دینے پر آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دے دی۔ ادھر پاک بھارت ڈی جی ایم اوز کا رابطہ ہوا ہے جس میں افواج کو فرنٹ لائن سے ہٹانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ادھر بدھ کے روز بلوچستان کے شہر خضدار میں بچوں کو اسکول لے جانے والی ایک بس پر خودکش حملے کے نتیجے میں 3 بچوں سمیت 6 افراد شہید اور 38 شدید زخمی ہو گئے۔

بلاشبہ آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کا کریڈٹ سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کو جاتا ہے۔ ان کی جرأت مندانہ حکمت عملی کے سبب بھارت کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، لہٰذا ان کی فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی کو سراہا گیا ہے۔ ان کا اہم قومی امور کے حل میں اہم کلیدی کردار رہا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ملک کی معیشت کی مضبوطی، خارجہ امور، دہشت گردی کے خاتمے، مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ سمیت اہم ترین مسائل کے حل میں وفاقی حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا ہے۔ دوسری جانب پاک بھارت ڈی جی ایم اوز کے درمیان رابطے کے نتیجے میں افواج کو فرنٹ لائن سے ہٹانے پر اتفاق ہونا خوش آئند امر ہے، کیونکہ امن کا راستہ اختیار کرنے میں دونوں ممالک کے عوام کی بھلائی پوشیدہ ہے۔

بلوچستان کے شہر خضدار میں دہشت گردوں کا اسکول کے معصوم طلبہ پر حملہ کرنا انسانیت سے گری ہوئی حرکت ہے، ان درندہ صفت عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دی جانی چاہیے۔ دہشت گردوں نے پاکستان کے مختلف حصوں کو اپنا نشانہ بنایا ہے۔ چاہے وہ مساجد ہوں، تعلیمی ادارے، بازار یا عوامی مقامات، عام شہری دہشت گردوں کے حملوں نے بری طرح متاثر کیا ہے۔ دہشت گردی محض ایک داخلی مسئلہ نہیں بلکہ اس کے پیچھے بیرونی عوامل بھی کارفرما ہیں۔ بعض عالمی طاقتیں اور ہمسایہ ممالک پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتے رہے ہیں، اور انہوں نے بعض علیحدگی پسند اور شدت پسند گروہوں کی پشت پناہی کر کے پاکستان میں عدم استحکام کو فروغ دیا ہے۔ ان گروہوں کو مالی، لاجسٹک اور عسکری معاونت فراہم کی جاتی رہی ہے، جس کا مقصد پاکستان کو اندرونی طور پر کمزور کرنا اور بین الاقوامی سطح پر اس کی ساکھ کو نقصان پہنچانا ہے۔

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں اکثر ایسے واقعات پیش آتے رہتے ہیں کہ دہشت گرد سرحد پار چلے جاتے ہیں مگر افغانستان کا ان دہشت گردوں پر کوئی کنٹرول نہیں ہے یا وہ کنٹرول کرنا نہیں چاہتا۔ بلوچستان میں اکثر راستوں میں اسلحہ بردار نقاب پوش داخل ہو جاتے ہیں۔ بس میں سوار مسافروں کے شناختی کارڈ چیک کرتے ہیں اور جن کا شناختی کارڈ پنجاب کا ہو، انہیں قتل کر دیتے ہیں جبکہ باقی مسافروں کو بس سمیت آگے جانے کی اجازت دے دی جاتی ہے۔ بعد ازاں ان افراد کی لاشیں ملتی ہیں۔ اب خضدار میں اسکول کے طلبہ کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا۔ میڈیا، سیاستدان، انسانی حقوق کی تنظیمیں اگرچہ بلوچستان میں گمشدہ افراد کے مسئلے پر بہت بات کرتی ہیں۔ اس پر دھرنے، لانگ مارچ اور مظاہرے بھی کیے جاتے ہیں جس پر کسی کو اعتراض نہیں لیکن بلوچستان میں دہشت گرد جو ظلم کر رہے ہیں، ان کے بہیمانہ قتل و غارت پر سول سوسائٹی اور اہل علم کا ردعمل خاصا کمزور نظر آتا ہے۔ بلوچستان میں دہشت گردوں نے متعدد بے قصور اساتذہ، پروفیسرز، ڈاکٹرز، کاروباری افراد اور محنت کشوں کو قتل کیا ہے، اب اسکول کے بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا ہے، اس ظلم کو ظلم کہتے ہوئے کسی کو ہچکچاہٹ کا اظہار نہیں کرنا چاہیے۔

افغانستان مسلسل دوہری پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ افغانستان کی کسی حکومت نے اپنی سرزمین پر موجود دہشت گردوں اور جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی نہیں کی ہے۔ پاکستان میں ایک مخصوص لابی وہ ہے جو پاکستان کے مفادات کے برعکس افغانستان کے مخصوص گروہوں کے ساتھ ہم آہنگ چلی آ رہی ہے۔ پاکستان نے جب بھی افغانستان کے حوالے سے ٹھوس اقدامات کرنے کی تیاری کی تو اس لابی نے پاکستان کے سسٹم کو دباؤ میں لا کر کچھ نہیں کرنے دیا۔ کوئی ان سے پوچھے کہ کیا افغان سیاسی لیڈر اور ان کا کاروباری طبقہ بھی پاکستان کے حق میں ایسے ہی جذبات رکھتے ہیں؟ موجودہ صورتحال میں پاکستان کے لیے بھارت اور افغانستان دونوں برابر ہیں۔ درحقیقت دہشت گردی کو ایک منافع بخش صنعت میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ جس طرح منشیات جو یہاں تیار نہیں کی جاتیں وہ افغانستان سے آتی ہیں۔ ہنڈی/حوالہ کا نظام پاکستان، بھارت اور مشرق وسطیٰ میں کئی دہائیوں سے قائم ہے۔ یہ نظام طویل عرصے سے دہشت گردی کی مالی معاونت سمیت ہر طرح کے کالے دھن کو سفید کرنے میں کامیاب رہا ہے۔ دہشت گرد گروہوں نے اس کا فائدہ اٹھایا ہے کیونکہ یہ بہت سے جائز کاروباروں میں کامیاب رہتا ہے اور ان ہی لوگوں نے اس کا ناجائز استعمال کیا ہے۔ جرائم کی زیادہ تر آمدنی غیر قانونی ذرائع سے ہوتی ہے، یعنی بدعنوانی، ہتھیاروں اور منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی جوا اور دیگر مجرمانہ سرگرمیاں۔ طویل عرصے بعد اتنا دہشت گردی کی کارروائیوں نے واضح کر دیا ہے کہ نیم دلانہ پالیسیوں سے کام نہیں چلے گا، ساتھ ہی بہت سارے سوالات کو بھی جنم دیا ہے۔ ایسے بہت سے سوال موجود ہیں جن کا جواب دوعملی کا چولا اتار کر سیاسی اور گروہی مصلحتوں سے بالاتر ہو کر تلاش کرنا پڑے گا۔

پاکستان میں اسمگلنگ اور ایک بہت اہم مسئلہ ہے، اور اس کا ملکی معیشت پر اثر پڑتا ہے۔ اس پر طرفہ تماشا یہ ہے کہ ملک میں موجود بدعنوان اور جرائم پیشہ عناصر طرح طرح سے ہماری جڑیں کھوکھلی کرنے میں تیزی سے مصروف عمل ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی اسمگلنگ ہے۔ اگرچہ معیشت کی جانچ میں اپنے حجم کے اعتبار سے اس کا حصہ دیگر بداعمالیوں کے مقابلے میں کم نظر آتا ہے، لیکن اس کے اثرات کثیرالجہتی ہیں۔ اس سے ایک جانب قومی خزانے کو سالانہ کھربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے تو دوسری جانب بہت سی صنعتیں اور کاروبار اس کی وجہ سے تباہ ہو چکے ہیں یا ہو رہے ہیں۔

جہاں دہشت گردی نے ملک کی سلامتی کو نشانہ بنایا، وہیں اسمگلنگ نے پاکستان کی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ہر سال اربوں روپے کا ٹیکس چوری ہو جاتا ہے کیونکہ اسمگل شدہ اشیاء قانونی راستوں سے ملک میں داخل نہیں ہوتیں، جس کے باعث حکومت کی آمدنی کم ہوتی ہے۔ یہ آمدنی وہی ہے جس سے صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کے لیے بجٹ مختص ہوتا ہے۔ جب ریاست کے مالی وسائل کم ہوں گے تو عوامی خدمات بھی متاثر ہوں گی، اور یوں ایک عام شہری ہی اس کا سب سے بڑا متاثر ہوتا ہے۔

اسمگلنگ کی وجہ سے ملک کی مقامی صنعتیں بھی شدید متاثر ہوتی ہیں۔ جب اسمگل شدہ سستی اشیاء بازار میں دستیاب ہوتی ہیں تو مقامی کارخانے اور کاروباری افراد ان کے ساتھ مقابلہ نہیں کر پاتے۔ نتیجتاً کارخانے بند ہو جاتے ہیں، بیروزگاری میں اضافہ ہوتا ہے، اور معاشی بدحالی جنم لیتی ہے۔ اس کے علاوہ اسمگلنگ سے حاصل شدہ رقم غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہوتی ہے، جن میں منشیات کی خرید و فروخت، غیر قانونی ہتھیاروں کی ترسیل، اور بعض اوقات دہشت گردی کی فنڈنگ بھی شامل ہوتی ہے۔ دہشت گردی اور اسمگلنگ کے پیچھے بعض اوقات وہی عناصر ہوتے ہیں جو ریاستی نظام میں شامل ہو کر اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہیں۔ یہ ریاستی نظام کی کمزوری اور بدعنوانی کا ثبوت ہے، جو ان مسائل کو مزید سنگین بناتا ہے۔

اداروں کے مابین بہتر رابطہ کاری کی بھی ضرورت ہے۔ ادارہ جاتی اصلاحات اور انفورسمنٹ کے نظام کو جدید بنانا ناگزیر ہے تاکہ پاکستان معاشی لحاظ سے ایک پائیدار مستقبل کی طرف بڑھ سکے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف اور صرف ہماری ہے، ملک اور نسل کی بقا کی جنگ، اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ دانشمندانہ اور فلسفیانہ موشگافیوں سے نکل کر حقیقت سے آنکھیں چار کرنی ہوں گی۔ نظام میں اصلاحات کا کام سویلین حکومت اور پارلیمنٹ کا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر نیک نیتی سے قوم کو اعتماد میں لیا جائے اور اس کی تائید و عملی شراکت سے اس سمت میں پیش رفت کی جائے تو حالات جلد تبدیل ہو سکتے ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ مصلحتوں کو بالائے طاق رکھ کر بلوچستان میں دہشت گردوں اور سہولت کاروں کے خلاف بھرپور آپریشن کر کے بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No

Dated: 22 MAY 2025 Page No.

# بھارتی حماقت بے نقاب، طارق خان ترین



[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.　　Dated: 22 MAY 2025　　Page No.


## کیا بلوچستان میں علیحدگی پسند تنظیموں کا ترکی کے سامنے ہتھیار ڈالنے والی آزاد کرد ریاست کی حامی تنظیم سے موازنہ کیا جا سکتا ہے؟

[illegible]

## [illegible]

[illegible]